© rasailojaraid.com

غزل

از جناب سعادت نظیر صاحب

جب ان کے کوچے سے بیگانہ وار ہم گزرے
نہ جانے شک انھیں کیا کیا بہر قدم گزرے

کوئی نہ چھوٹوں بھی پرسانِ حالِ زار ہوا
غریب شہر تمنا بچشم نم گزرے!

لٹی بہار، جلا آشیاں، گری بجلی
چمن میں حادثے ایسے تو دم بہ دم گزرے

مری تباہی کا افسوس انھیں، تعجب کیا
کہ ایسے سانحے اے دل، جہاں میں کم گزرے

کہاں کسی دلِ بے درد کو خبر اس کی
کہ مجھ غریب پہ کیا کیا غم و الم گزرے

ہزار مرحلے آئے رہِ وفا میں مگر
بہ فیضِ جذبۂ دل مثلِ سیل ہم گزرے

مجھی پہ کچھ نہیں موقوف، واقعہ یوں ہے
جو تیری راہ سے گزرے، بچشم نم گزرے

نمونے عشق کی تہذیب کے نظر آئے
جہاں جہاں ترے شائستہ کرم گزرے

نظیر جن سے امید طرب تھی وابستہ
غضب یہ ہے کہ وہی دن برنگِ غم گزرے

© rasailojaraid.com